آزاد جموں وکشمیر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن میرپور

نمبر: بورڈ/پی ایس/ 4010 /2022 مورخہ 22-11-2022

عنوان: **امتحان انٹرمیڈیٹ سال اوّل 2022 سے متعلق سوشل میڈیا اور دیگر ذرائع سے عوام الناس میں پھیلائی جانے والی خبروں کا جائزہ۔**

ترجمان آزاد جموں وکشمیر تعلیمی بورڈ میرپور کے مطابق تعلیمی بورڈ میرپور کے زیر انتظام امتحان انٹرمیڈیٹ سال اوّل 2022 سے متعلق سوشل میڈیا اور دیگر ذرائع میں خلاف حقائق رپورٹس جاری کی جا رہی ہیں۔ لہذا تعلیمی بورڈ میرپور اس معاملہ میں بذیل وضاحت کرنا مناسب سمجھتا ہے۔ نتائج کی فیصد کم ہونے کی درج ذیل وجوہات ہیں۔

۱۔ جو طلباء و طالبات تعلیمی سیشن 23-2021 میں کالجز میں داخل ہوئے ان کو جماعت نہم سے بوجہ COVID-19 بغیر امتحان جماعت دہم میں پروموٹ کیا گیا۔

۲۔ جماعت دہم میں ان طلباء و طالبات سے صرف تین مضامین کا امتحان لیا گیا۔ ان تین مضامین کے نصاب کو بھی بوجوہ سمارٹ سلیبس میں تبدیل کیا گیا۔

۳۔ پاکستان بھر کے جملہ بورڈز میں پیپر سیٹنگ سکیم میں تبدیلی کی گئی۔ اس سکیم کے تحت analytical اور reasoning والے حصہ کا سوالیہ پرچہ میں weightage بڑھایا گیا۔ سال 2021 میں اس سکیم کی منظوری کے بعد اداروں کو مطلع کر دیا گیا تھا۔ امتحان سالانہ 2023 میں گیارھویں جماعت کے پرچہ سازی کا یہ اصول تمام بورڈز نے متفقہ طور پر منظور کر لیا ہے۔ آئندہ اسی اصول کے مطابق نالج 50 فیصد، انڈرسٹینڈنگ 35 فیصد اور ایپلی کیشن 15 فیصد ہوگی اور مارکنگ اسی اصول کے تحت کی جائے گی۔

۴۔ نتائج کی اشاعت سے قبل تعلیمی بورڈ میرپور نے ہمیشہ کی طرح سپر چیکنگ ماہرین تعلیم سے کروائی ہے۔ امسال سپر چیکنگ کے دوران مارکنگ کے معیار کو ماہرین مضامین نے تسلی بخش قرار دیا ہے۔ اس نوع کی کسی قسم کی کوئی شکایت موصول نہ ہوئی ہے۔

۵۔ انٹرمیڈیٹ سال اوّل کی مارکنگ پنجاب بورڈز کمیٹی آف چیئرمین (PBCC) سے Exchange پروگرام کے تحت حاضر سروس اساتذہ کرام سے کروائی گئی ہے۔

۶۔ دیگر بورڈز کے نتائج بھی اسی نوعیت کے ہیں، راولپنڈی بورڈ کا رزلٹ 32 فیصد، گوجرانوالہ بورڈ 33 فیصد، لاہور بورڈ 45 فیصد ملتان بورڈ 39 فیصد سرگودھا بورڈ 46 فیصد، فیصل آباد بورڈ 45 فیصد، بہاولپور بورڈ 41 فیصد اور ڈیرہ غازی خان بورڈ کا رزلٹ 48 فیصد رہا۔ COVID-19 کے بعد طلباء و طالبات، والدین اور اساتذہ کی مناسب کاونسلنگ کا نہ ہونا، اس خراب رزلٹ کی بنیادی وجہ بنا ہے۔

۷۔ COVID-19 کے دوران پروموٹ کیے گئے طلباء میں محنت کرنے کی صلاحیت بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ موبائل کلچر کے استعمال اور آن لائن کلاسز کی ترغیب نے طلباء سے کتاب دوستی چھین لی اور طلباء میں بغیر پڑھے، بدوں امتحان میں کامیابی حاصل کیے نمبرات کے حصول کے رجحان نے جنم لیا اور وہ خلاف قانون و ضابطہ بورڈ سے اب 15 فیصد زائد نمبرات کے حصول کا بلا جواز مطالبہ کر رہے ہیں، جو کسی بھی طرح ممکن نہ ہے۔

(جاری ہے)

22-11-2022

Scanned with CamScanner

مارکنگ ، ری چیکنگ اور پرچہ سازی وغیرہ پاکستان بھر کے تمام بورڈز کی ریگولیٹری باڈی ، انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین (IBCC) ریگولیٹ کرتی ہے۔ تمام بورڈز کے زیر انتظام یہ جملہ کارروائی ر پروسیجر ایک جیسے ہیں، جن بورڈز کے نتائج کا ذکر کیا گیا ہے۔ ان کے خلاف کسی بھی جگہ کوئی احتجاج دیکھنے میں نہیں آیا ہے۔ اس احتجاج میں بڑی تعداد پرائیویٹ ادارہ جات کی ہے۔ پیپر ری چیکنگ فیس ر رجسٹریشن فیس، امتحانی فیس اور معاوضہ جات کا بورڈ کی ویب سائٹ پر دیگر بورڈز سے تقابلی موازنہ کیا جاسکتا ہے۔ فیسز کا زیادہ تر مسئلہ بھی پرائیویٹ ادارہ جات سے متعلق ہے۔ جوابی کاپیاں صرف اور صرف سیکریسی ڈیپارٹمنٹ کی ملکیت ہیں، جن کو کسی بھی صورت شعبہ سیکریسی سے آوٹ نہیں کیا جاسکتا۔ آوٹ ہونے کی صورت میں ٹمپرنگ کا خدشہ پیدا ہوسکتا ہے، جس سے نئی طرز کے مسائل جنم لیں گے۔

سوشل میڈیا پر تعلیمی بورڈ میرپور کے خلاف واویلا وہ لوگ کر رہے ہیں، جو بورڈ کے قوانین اور پروسیجر سے واقفیت نہیں رکھتے۔ یہ واویلا آزاد جموں وکشمیر کے ایک انتہائی معتبر مقام کے حامل ادارے کی ساکھ اور ورکنگ کو متاثر کرنے کی کوشش ہے جو کسی بھی لحاظ سے قومی مفاد میں نہیں ہے۔ وہ طلباء وطالبات جو ری چیکنگ کی درخواست دیتے ہیں۔ دوران چیکنگ ان طلباء وطالبات کو ایک فارم دیا جاتا ہے جس پر وہ اپنے اعتراضات درج کرتے ہیں۔ بعد میں ماہرین مضامین کی کمیٹی ان اعتراضات کا جائزہ لیتے ہوئے رپورٹ پیش کرتی ہے۔ ان رپورٹس کی بنیاد پر بورڈ مارکنگ کے معیار کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں جن طلباء وطالبات کے نمبرات میں بعد از ری چیکنگ کمی بیشی ہوتی ہے انہیں جمع شدہ فیس ایک پروسیجر کے تحت واپس بھی کی جاتی ہے۔ اسی تعلیمی بورڈ کے نتائج میں طلباء وطالبات نے فرسٹ ائیر کے امتحان میں 95 فیصد سے زائد نمبرات بھی حاصل کئے ہیں۔ لہذا بہتر ہوگا کہ بدلتے حالات کے مطابق موجودہ دور کے چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کیلئے ذاتی محاسبہ اور محنت کو فروغ دیا جائے۔ تعلیمی بورڈ میرپور خسارے کے باوجود آئندہ On Screen مارکنگ، امتحانی مارکنگ ورک شاپس منعقد کروانے کے علاوہ اپنے تمام پروسیجر کو system base کرنے کیلئے پرعزم ہے۔ جس سے جملہ امور یکسو ہوجائیں گے اور مارکنگ پر اٹھنے والے اعتراضات کا خاتمہ ہوسکے گا۔

22-11-2022
کنٹرولر امتحانات کالجز

کاپی برائے اطلاع:

۱۔ پرائیویٹ سیکرٹری ہمراہ جناب چیئرمین۔

۲۔ محترمہ سسٹم انالسٹ بورڈ مرسل ہو کر تحریر ہے کہ پریس ریلیز الیکٹرانک میڈیا و پرنٹ میڈیا کو برائے تشہیر بھجوانے اور ویب سائٹ پر اپ لوڈ کرنے کا بندوبست فرمائیں۔

۳۔ آفس کاپی۔

Scanned with CamScanner